Dār al-Iftā Ahl al-Sunnah (Da’wat e Islami)

THE CARRYING OF THE DECEASED

QUESTION:

What do the noble ulamā say regarding this that what is the Islamic method of taking the deceased to the graveyard? Some people say that the deceased’s head should be in the direction of the Qiblah, some others say the deceased’s head should be in the direction of the graveyard whilst others say the deceased’s head should point forwards. Please advise us as to the Sharī’ah ruling concerning this matter.

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

When the janāzah is lifted keeping the deceased’s head forward and the feet behind is the Islamic method. Doing opposite to this i.e. putting the feet forward and head behind is not correct.

It is mentioned in Badā’ī al-Sanā’ī :

“The head should be place forward in the state of carrying the Janāzah because it is from the most noble of limbs therefore placing it forward is most preferred and the meaning of honouring is found in giving precedence.”

[Badā’i al-Sanā’I Volume 2 page 44]

It is mentioned in al-Fatāwā al-Hindiyyah:

“In the state of walking with the Janāzah the head should be placed forward.”

[al-Fatāwā al-Hindiyyah Volume 1 page 162]

It is stated in al-Fatāwā al-Ridwiyyah:

“The Janāzah should be lifted and taken in such a way that the head-side is forward.”

[al-Fatāwā al-Riddwiyyah Volume 9 page 82]

It is mentioned in Habīb al-Fatāwā:

www.SeekersPath.co.uk

“Whichever direction the graveyard may be, in every state the deceased’s feet should be behind and head should be forward. This is the ruling from the Sharī’ah, this is the Islamic method and distinguishing practise.”

It is further mentioned in the same text:

“When the janāzah is lifted and carried on then at that time the deceased’s head should be placed forward and feet behind. This is masnūn i.e. it is the Sunnah. To do opposite to this such that the feet are forward and the head behind is in opposition to the Sunnah.”

[Habīb al-Fatāwā page 576]

الله أعلم عز و جل و رسوله أعلم صلى الله تعالى عليه وآله و سلم

Muftī Abū Muhammad ‘Alī Asghar al-Attārī al-Madanī
16th Dhul Hijjah al-Harām 1439 AH (28th August 2018)

Translated by Ustādh Ibrar Shafi

www.SeekersPath.co.uk

دار الافتاء اہلسنت (دعوتِ اسلامی)
Dar-ul-ifta Ahl-e-sunnat

ریفرنس نمبر: Gul 1447　　بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ　　تاریخ: 28-08-2018

جنازہ لے کر جانے کا طریقہ

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ میت کو قبرستان کی طرف لے کر جانے کا اسلامی طریقہ کیا ہے؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ میت کا سر قبلہ کی جانب ہونا چاہیے، بعض کہتے ہیں میت کا سر قبرستان کی طرف ہونا چاہیے اور بعض کہتے ہیں کہ میت کا سر آگے کی طرف ہونا چاہیے۔ برائے کرم آپ ہماری شرعی رہنمائی فرمائیے کہ اس کے متعلق شریعت اسلامیہ کا کیا حکم ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جب جنازہ اٹھا کر چلیں، تو اس وقت میت کا سر آگے اور پاؤں پیچھے رکھنا ہی اسلامی طریقہ ہے۔ اس کے خلاف کرنا یعنی پاؤں آگے اور سر پیچھے رکھنا درست نہیں ہے۔

بدائع الصنائع میں ہے: "ویقدم الراس فی حال حمل الجنازۃ لانہ من اشرف الاعضاء فکان تقدیمہ اولی ولان معنی الکرامۃ فی التقدیم" یعنی میت کو لے کر چلتے ہوئے میت کا سر آگے کی جانب رکھا جائے، کیونکہ سر تمام اعضاء سے افضل ہے، لہٰذا اسی کو مقدم کرنا اولیٰ ہے۔ نیز سر کو مقدم کرنے میں اکرام بھی ہے۔ **(بدائع الصنائع، جلد2، صفحہ44، کوئٹہ)**

فتاوی ہندیہ میں ہے: "وفی حالۃ المشی بالجنازۃ یقدم الراس" یعنی میت کو لے کر چلتے وقت اس کا سر آگے کی جانب ہونا چاہیے۔
(فتاوی ھندیہ، جلد1، صفحہ162، مصر)

فتاوی رضویہ میں ہے: "جنازہ کو یوں لے چلیں کہ سرہانا آگے کی جانب ہو۔" **(فتاوی رضویہ، ج9، ص82، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)**

حبیب الفتاوی میں ہے: "قبرستان خواہ کسی بھی سمت میں ہو، ہر حال میں میت کے پاؤں پیچھے اور سر آگے ہو گا۔ شرعاً یہی حکم ہے۔ اسلامی طریقہ اور شعار یہی ہے۔" مزید اسی میں ہے: "جب جنازہ اٹھا کر چلیں، تو اس وقت میت کا سر آگے رکھا جائے اور پاؤں پیچھے ہو، یہی مسنون یعنی سنت ہے، اس کے خلاف کرنا، کہ پاؤں آگے ہو اور سر پیچھے، طریق مسنون کے مخالف ہے۔" **(حبیب الفتاوی، ص576، شبیر برادرز، لاہور)**

واللہ اعلم عزوجل **ورسولہ اعلم** صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابو محمد علی اصغر عطاری مدنی

16 ذو الحجۃ الحرام 1439ھ/28 اگست 2018ء

خوفِ خدا و عشقِ مصطفےٰ کے حصول کیلئے ہر ہفتے کو عشا کی نماز کے بعد امیرِ اہلِ سنّت کا مدنی مذاکرہ دیکھنے سننے اور ہر جمعرات مغرب کی نماز کے بعد عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک، دعوت اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں بہ نیتِ ثواب ساری رات گزارنے کی مدنی التجاء ہے

نوٹ! دار الافتاء اہلسنت کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے یا تحریر کی تصدیق دار الافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج daruliftaahlesunnat کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔